Rampur State Gazette.

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

{نمبر ۳۳} مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۳ رجمادی الاول ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۵ اگست ۱۹۳۴ء {جلد (۴۶)}

حصۂ اوّل

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	برقراری سلسلہ ملازمت منشی بانکے بہاری لال (پیشکار ریونیو آفس)	۲

—— * ——

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

حکم اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

حکم:

رپورٹ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

(دستخط خاص بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم)
(نشان)
۸ ؍ اگست ۱۹۳۳ء

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ ہائے سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۱۰ ؍ اگست ۱۹۳۳ء
(دستخط صاحب چیف منسٹر)

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعد عرض — میر سامانہ

جناب عالی:

منشی بانکے بہاری لال سابق میر منشی دار الانشاء بحکم ۳۰ ؍ اگست ۱۹۳۰ء ملازمت سے سبکدوش کردئیے گئے تھے۔ ۲۰ ؍ جولائی ۱۹۳۳ء کو عہدہ پیشکاری ریونیو آفس میں دوبارہ ملازم ہوگئے ہیں۔ دو سال ۱۰ ماہ ۲۵ یوم ملازمت سے علیحدہ رہے۔

منشی بانکے بہاری لال ۱۰ ؍ جولائی ۱۹۰۲ء کے ملازم ہیں۔ خواستگار ہیں کہ سلسلہ ملازمت قائم فرمایا جائے۔

صاحب ریونیو منسٹر بہادر نے سفارش کی ہے اگر سلسلہ ملازمت قائم فرمایا جائے۔ تو بہ پنشن ہوگا ایام علیحدگی کی تنخواہ نہیں دیجائے گی۔

زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال بترقی باد

عرضی

ترقیخواہ دستخط صاحب پریسیڈنٹ کونسل

معروضہ ۳ ؍ جولائی ۱۹۳۳ء